محبوب پروڈکشن کا نایاب شاہکار

आन

اداکاران :- نمی - دلیپ کمار - پریم ناتھ
نادرہ - شیری - مراد - ککو

V. Good

سلور جوبلی

آن

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

گانے

نمبر ۱

آج میرے من میں سکھی بانسری بجائے کوئی
پیار بھرے گیت سکھی بار بار گائے کوئی
بانسری بجائے۔ گائے ساجن ری
کوئی چھیلا ہو۔ اور کوئی البیلا ہو۔ کوئی چھیلا ہو
رنگ میری جونی کیلئے ڈھونڈتا گھر آیا ساون
ان اودی گھٹاؤں ہواؤں میں ناچے سکھی میرا من
دل ہنڈولے پہ جھولا نہ جھلائے۔ کوئی پیار بھرے....
کہتا ہے اشاروں میں کوئی آ۔ مجھ سے امبوا کے تلے مل
میں نام نہ لوں آج لگے لاج، سکھی دھڑکے میرا دل
بھلا وہ کون ہے گھائل
تار پہ جیون کے مدھر راگنی سنائے کوئی۔ پیار....

نمبر ۲

آئی ہو کھیتوں کی رانی۔ میں رانی ہوں راجہ کی
راجہ میرے پیا۔ کسی کو کیا ہو کسی کو کیا
پریت نگر میں راج کروں۔ میں بنکے سجنوا تیری

محل دو محلے دھن والوں کے دکھی نگریا میری
چاہا تھا جس کو میں نے دِل اُس کو دیدیا
کسی کو کیا ہو کسی کو کیا
چھوڑ کے پی ڈگریا ادر کہیں نہ جائے
جیت لیا ہے تن من جس نے گیت اُسی کے گائے
بس پی کی دُھن میں ناچے ہر دم میرا جیا ۔ ہو کسی .....

نمبر ۳

محبت چومے جن کے ہاتھ ۔ جوانی پاؤں پڑے دن رات
سُنے پھر ہائے کسی کی بات
ایک نوشندر مکھڑا اُس کا اُس پر لاکھ ادائیں
ہم اپنے دل کو کہاں لے جائیں اکیلے دور کھڑے للچائیں
چاند ستارے مست نظارے سب ہیں ان کے ساتھ ۔ محبت
رُوپ نگر سے آکے چندا اُن کا رُوپ چرائے
من میرا دیکھ دیکھ رہ جائے ۔ بھلا یہ بات مجھے کیوں بھائے
نینوں میں اُن کے کاجل بن کے سجے سونی رات محبت

نمبر ۴

آگ لگی تن من میں دل کو پڑا تھامنا
رام جانے کب ہوگا سیاں جی کا سامنا

دل تڑپے جیسے بِنا جل کی مچھریا - ذرا لیجو خبریا
آن پڑے مشکل تو آئے کوئی کام نا - رام جانے......
ساجن کی یاد مجھے پل پل ستائے
تن کا سنگار ہوئے من کو نہ بھائے -
دیکھو نیناں بھر آئے - پیار میرا ہو جائے کہیں بدنام نا -
رام جانے.....

لاگی نہ چھری کوئی کردں بہانہ
میرا دل پیا تیرا نشانہ - آیا نازک زمانہ
ہُوئے بُرا الفت کا دیکھو انجام نا - رام جانے .....

رفیع - قد - شمشاد ، کورس نمبر ۵

دیکھو رنگ ہمارے سنگ آج دن رنگ رنگیلا آیا
ہو رنگ رنگیلا آیا
نگر نگر میں رم جھم رم جھم رنگ انوکھا برسے
کیسے میں کھیلوں پھاگ میرا دل پیا ملن کو ترسے
دیکھو میری چندری کا رنگ سکھی دھانی ہے
کھو نہ دینا کہیں یہ پیار کی نشانی ہے
میں ہُوں تیرے سنگ بلم تو ہے میرے سنگ
ہو رنگ ڈالو رنگ رنگ -

آؤ آؤ ساجن ہمارے دوار ۔ رنگ ڈالوں گی تم پر ہزار
آج کوئی راجہ نہ کوئی پرجا ہے
پیار بھرے جیون کی ایک ہی کہانی ہے
آج خوشی کے ساتھ ہے دل نئے ڈھنگ ۔ ہو رنگ ڈالو....

نمبر

رفیع
دل میں چھپا کے پیار کا طوفان لے چلے
ہم آج اپنی موت کا سامان لے چلے
مٹتا ہے کون دیکھئے الفت کی راہ میں
وہ لے چلے ہیں آن تو ہم جان لے چلے
منزل پہ ہوگا فیصلہ قسمت کے کھیل کا
کر دے جو دل کا خون وہ مہمان لے چلے

نمبر

رفیع
دل کو ہی تم سے پیار ۔ اب تم کو اختیار
چاہے مٹا دو چاہے بنا دو
ٹکرا گیا تم سے دل ہی تو ہے ۔ رو دئے نہ کیوں گھائل ہی تو ہے
وہ پیار سے نفرت کرتے ہیں ۔ ہم ہیں کہ انہیں پہ مرتے ہیں
اب کیسے ملیں مشکل ہی تو ہے ۔ ٹکرا گیا.....
بیدرد کو اے دل یاد نہ کر ۔ تڑپے جا لیکن فریاد نہ کر

میٹھے نین کی دھوپ، نہ بھرتی روپ۔ تو ہوتا حسن بیکار۔ میں نے۔۔

اُلفت نہ سہی نفرت ہی سہی اس کو بھی محبت کہتے ہیں
تو لاکھ چھپائے بھید مگر۔ ہم دل میں سمائے بیٹھے ہیں
تیرے بھی دل میں آگ اُٹھی ہے جاگ
زباں سے چاہے نہ کر اقرار۔ میں نے تجھ سے۔۔۔۔
اپنا نہ بناؤں تجھکو اگر ایک روز تو میرا نام نہیں
پتھر کا جگر پانی کردوں تو کوئی مشکل کام نہیں
چھوڑ دے اب یہ کھیل۔ تو کر لے میل
میرے سنگ مان لے اپنی ہار۔ میں نے تجھ سے۔۔۔۔

شمشاد

نمبر ۹

گاؤ تیرے من من کے جی۔ آج آئی دُلہن بنکے جی
ناچو ناچو من کے تال پہ چھم چھم چھم
آج خوشی بن ٹھن کے جی۔ گھر آئی ہے بن دلہن کے جی
دھک دھک من میں ڈھولک باجے۔ چھم چھم پگ میں پائل باجے
بالم کی نظروں نے کیسے آج میرا دل لگاتی
بھید میں اپنے کھولوں نہ۔ کچھ بولوں نہ۔ سنگ چلوں نہ
تیر چلے جو تن کے جی۔ رم جھم دن آئے ساون کے جی
ملنے پیا کی جوگن بن جا چھوڑ کے محل دو محلے

پھول وہی سچا ہے جو کانٹوں کے دُکھ بھی سہہ لے
پیار کو جب تم جانوگے پہچانوگے پھر مانوگے
رُوپ نے جیون کے جی
چُپ چاپ سو رہے ہیں وہ آن بان والے
آخر گرے زمیں پر اونچی اُڑان والے

نمبر ۱۰

لتا —

تجھے کھو دیا ہمنے پانے کے بعد ۔ تیری یاد آئی تیرے جانیکے بعد
ملا تھا نہ جبتک جدائی کا غم ۔ محبت کا مطلب نہ سمجھے تھے ہم
تڑپنے لگے تیرے کھانے کے بعد ۔ تیری یاد آئی ....
نگاہوں میں اب تو سمانے لگا
تیرا نام ہونٹوں پہ آنے لگا
ہوئے ہم تیرے اک زمانے کے بعد ۔ تیری یاد ....
محبت ملی اور دل کھو گیا ۔ بدلگی قسمت یہ کیا ہو گیا
خوشی چھن گئی دل لگانے کے بعد
تیری یاد آئی تیرے ....

(ختم شد)